8414

Register Number | | | | | | |

Language — URDU — Paper II

(Composition, Non-Detailed and Grammar)

Time Allowed : $2\frac{1}{2}$ Hours] [Maximum Marks : 100

I - مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 15 = 15

1 - جہیز ایک لعنت ہے

2 - میری زندگی کا مقصد

3 - تعلیمی سیر و سیاحت

II - اخبار کے ایڈیٹر کے نام ایک خط لکھئے جس میں بسوں کا انتظام برابر ہو اور لوگوں کو سہولت پہنچے ۔

یا

اپنی بہن کی شادی کی اطلاع دیتے ہوئے اپنے دوست کو ایک خط لکھئے ۔ 10

III - ذیل کی عبارت کا اختصار ایک تہائی حصے میں پیش کیجئے : 10

" گل بانو خدا رکھے پندرہ برس کی ہوئیں ۔ جوانی کی راتوں نے گود میں لینا شروع کیا ۔ یہ مرزا دارا بخت بہادر ولی عہد اول بہادر شاہ کی نور چشم ہیں ۔ باپ نے بڑے چاؤ اور چو چلے سے پالا ہے اور جس دن سے وہ دنیا کو چھوڑ کر قبر میں گئے، محل میں گل بانو کی ناز برداریاں پہلے سے زیادہ ہونے لگیں ۔ اماں کہتیں ، نگوڑی کے ننھے سے دل کو باپ کے مرنے کا بہت صدمہ پہنچا ہے ۔ ادھر دادا یعنی بہادر شاہ کا یہ عالم تھا کہ پوتی کی لاڈو پیار میں کسی بات کی کمی نہیں ہونے دیتے تھے ۔ جو مانگتی تھی دیتے تھے ، جو چاہتی تھی فوراً پورا کرتے تھے اور شاہی محلوں میں گل بانو کی دھوم تھی کہ جہاں پناہ سب سے زیادہ گل بانو کو چاہتے ہیں اور اس کے سامنے اپنی محبوب ملکہ زینت محل کے لڑکے جواں بخت بہادر کی الفت کو بھی بھول گئے ہیں ۔ "

IV - درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کے مختصر جواب لکھئے : 3 × 5 = 15

1 - حامد نے عید کے میلہ میں کیا خریدا اور کیوں ؟

2 - جاوید نے شاہینہ کو ماں باپ کی قربانیوں کا احساس کس طرح دلایا ؟

3- اجنبی شخص نے اپنی داستان کا تیسرا جز کیا بتایا ؟

4- سمیرہ کی شادی کے دوسرے دن زہرہ بیگم کی کیا حالت ہوئی ؟

5- فرحی نے اپنی سہیلی شہلا کی تنہائی کے احساس کو دور کرنے کیلئے کیا نصیحت کی ؟

V- مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: 1×10=10

1- عیدگاہ

2- بند کواڑوں کے اندر

VI- (الف) درجِ ذیل ضرب المثال کا موقعۂ استعمال بتائیے : 5×1=5

1- آڑے وقت میں کام آنا

2- باسی کڑھی میں اُبال آنا

3- ایک لاٹھی سے سب کو ہانکنا

4- ایک انار سو بیمار

5- پانچوں انگلیاں گھی میں

(ب) درجِ ذیل محاورات کے معنی بتائیے : 5×1=5

1- پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا

2- آنکھوں سے خون برسنا

3- بال کی کھال نکالنا

4- پھولے نہ سمانا

5- چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا۔

VII- (الف) درجِ ذیل کے اضداد لکھئے : 5×1=5

1- خالق 2- زندہ 3- انجام 4- محدود 5- اعلیٰ

(ب) درجِ ذیل کی جمع بتائیے : 5×1=5

1- معجزہ ، 2- عمل 3- قول 4- برکت 5- مخلوق

VIII- (الف) درجِ ذیل کی جنس بتائیے : 5×1=5

1- ارادہ 2- خواہش 3- دشمن 4- قوم 5- معجزہ

(ب) ذیل کے ساتھ 'بے' اور 'بد' لگاکر الفاظ مکمل کیجئے : 5×1=5

1- گمان 2- پردہ 3- خودی 4- شگونی 5- حیا

IX - درجِ ذیل سوالوں میں سے کوئی چار سوال حل کیجئے: $4 \times 2\frac{1}{2} = 10$

1- حرف ندا سے کیا مراد ہے؟

2- زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالیں دیجئے۔

3- جملے کی تعریف کیجئے اور قسمیں لکھئے۔

4- تضاد کسے کہتے ہیں؟ تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔

5- درجِ ذیل جملے کی تحلیل صرفی کیجئے:

لڑکی جھولا جھولتی ہے۔